سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# گناہ ہو جانے پر
# فوراً توبہ کرنا



18 جون 2026

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کروانا: 5 منٹ (3): جائزہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل گُناہ ہو جانے پر فوراً توبہ کرنے کے متعلق مفید ترین معلومات دیں جائیں گی اور جل جانے پر پڑھنے کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْكَرِیْم!

# گناہ ہوجانے پر فوراً توبہ کرنا

## درود شریف کی فضیلت

آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اللہ پاک کی رضا کے لئے آپس میں محبّت کرنے والے جب ملیں اور مُصافحہ کریں (یعنی ہاتھ ملائیں) اور رسول اللہ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی ذات پر درود بھیجیں تو اِن کے جُدا ہونے سے پہلے دونوں کے اگلے پچھلے گُناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّد

## نیک عمل نمبر 28

پیارے اسلامی بھائیو! اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے گُناہوں سے بچانے اور آخرت کی بہتری کے لیے اسلامی بھائیوں، اسلامی بہنوں اور طُلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اَعمال کے مختلف رَسائل ترتیب دیئے ہیں۔ آج ہم 72 نیک اَعمال کے رسالے سے نیک عمل نمبر: 28 کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

نیک عمل نمبر 28: کیا آج آپ نے مَعَاذَ اللّٰه! گُناہ ہو جانے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟[2]

1 ... مسند ابی یعلیٰ، جلد: 3، صفحہ: 34، حدیث: 2960۔

2 ... 72 نیک اعمال، صفحہ: 8، نیک عمل: 28۔

## توبہ کسے کہتے ہیں؟

گُناہ کو اللہ پاک کی نافرمانی سمجھ کر، اِس پر نادِم و شرمندہ ہوتے ہوئے فوراً چھوڑ دینا، پھر آئندہ کبھی بھی گُناہ نہ کرنے کا پختہ اِرادہ کرنا اور اِس کی تلافی کرنا (یعنی جو کمی ہوئی، وہ پوری کرنا)، **توبہ** ہے۔[1]

**وضاحت:** توبہ کی 3 شرائط ہیں: (1): گُناہ پر ندامت اور شرمندگی ہونا (2): اُس گُناہ کو چھوڑ دینا (3): آئندہ گُناہ نہ کرنے کا پکا اِرادہ کرنا۔ اگر کوئی ایک شرط بھی نہ پائی گئی تو توبہ صحیح نہ ہو گی۔[2]

**پیارے اسلامی بھائیو!** گُناہ 3 طرح کے ہیں: (1): اللہ پاک اور بندے کے درمیان ہونے والے ایسے گُناہ جن کی تَلافی نہیں ہو سکتی، جیسے شراب پینا، گانے باجے گانا، سُننا وغیرہ اس طرح کے گُناہوں سے ذِکر کردہ 3 شرائط کے ساتھ توبہ کرنا لازِم ہے (2): حقوقُ اللہ کے مُتَعَلِّق ایسے گُناہ جن کی تَلافی کرنا لازِم ہوتی ہے، ایسے گناہوں سے توبہ کرنے کے ساتھ ساتھ تلافی کرنا بھی ضروری ہے ورنہ توبہ صحیح نہیں۔ مثلاً: ❁ نمازیں یا روزے چھوٹے ہوں تو قَضا کرنا ❁ پچھلے سالوں کی زکوٰۃ جو پہلے ادا نہ کی ہو، حِساب لگا کر نکالنا (3): حقوقُ العِباد کے مُتَعَلِّق گُناہ۔ ایسے گُناہوں سے توبہ کرنے میں یہ بات بھی لازِم ہے کہ جو حقوق ضائع کیے ان کی ادائیگی کرے، مثلاً ❁: جس کا حق مارا ہے، اس کا حق ادا کرے یا مُعَاف کروائے۔ جیسے ❁.. کسی کا مال چھینا ہو یا ❁.. سُود ❁.. چوری ❁.. رشوت وغیرہ میں لیا ہو تو جس کا وہ مال ہے اُسے لوٹائے ❁ کسی پر ظُلم کیا، تھپڑ مارا تو مُعَاف کروائے یا بدلہ دے وغیرہ۔[3]

## آیت مبارکہ

اللہ پاک نے فرمایا:

| | |
|---|---|
| فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِیْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ (پارہ:15، بنی اسرائیل:25) | تَرجَمۂ کنزُالعرفان: تو بیشک وہ توبہ کرنے والوں کو بخشنے والا ہے۔ |

1 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:21، صفحہ:121، ملخصًا۔
2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:21، صفحہ:122، بتغیر قلیل، الحدیقۃ الندیہ، جلد:1، صفحہ:306۔
3 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:21، صفحہ:122، ملخصًا، منہاج العابدین، العقبۃ الثانیہ... الخ، صفحہ:89-90۔

تابعی بزرگ حضرت سعید بن مُسیّب رَحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: اِس آیت میں **اَوَّاب** سے مراد وہ شخص ہے جس سے گُناہ ہو، پھر توبہ کر لے، پھر گُناہ ہو، پھر توبہ کر لے۔[1]

## فرمانِ آخری نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

كُلُّ بَنِي آدَمَ خَطَّاءٌ، وَخَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ

**ترجمہ:** ہر آدمی سے خطا ہو جاتی ہے اور بہترین خطاکار وہ ہے جو توبہ کر لے۔[2]

## توبہ کرنے کے مُتَعلِّق اَحکام

(1): جوں ہی گُناہ ہو، اس گُناہ سے فوراً توبہ کر لینا واجِب ہے۔[3] (2): جیسا گُناہ ہوا، توبہ بھی ویسی ہی کرنا ضروری ہے۔ پوشیدہ گُناہ کی پوشیدہ اور علانیہ گُناہ کی توبہ بھی علانیہ کرنی ہو گی۔ مَجْمَع میں لوگوں کے سامنے گُناہ کیا تو توبہ بھی مَجْمَع میں ہی کرنی ہو گی۔[4] (3): توبہ کرتے وقت آئندہ گُناہ نہ کرنے کا پُختہ اِرادہ ہو، اگر توبہ کرتے وقت دل میں دوبارہ گُناہ کرنے کا اِرادہ ہو تو یہ توبہ ہی نہ ہوئی بلکہ مَعاذَ اللہ! اسلام کا مذاق ہے۔[5] (4): گُناہ سے توبہ کر لینے والے کو اُس گُناہ سے عیب لگانا (مثلاً جس نے سُود سے توبہ کر لی، اسے **سود خور** کہنا) حرام ہے۔[6]

## توبہ کرنے کے فائدے

❁ توبہ کرنے والے کو اللہ پاک محبوب رکھتا ہے ❁ توبہ کرنا عِبادت ہے ❁ توبہ کرنے سے کامیابی ملتی ہے ❁ توبہ اللہ پاک کی رَحمت پانے کا ذریعہ ہے ❁ توبہ گُناہوں کو مِٹاتی اور دِل کا زنگ دور کرتی ہے۔ **2 فرامینِ**

1 ... تفسیر طبری، پارہ: 15، سورۂ بنی اسرائیل، زیرِ آیت: 25، جلد: 8، صفحہ: 65۔
2 ... ابن ماجہ، کتاب الزہد، باب ذکر التوبۃ، صفحہ: 689، حدیث: 4251۔
3 ... شرح مسلم للنووی، کتاب التوبۃ، باب فی الحض علی التوبۃ... الخ، الجزء السابع عشر، جلد: 6 صفحہ: 67۔
4 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 23، صفحہ: 324، بتغیر قلیل۔
5 ... مرآۃ المناجیح، جلد: 3، صفحہ: 364، ملخصاً۔
6 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 23، صفحہ: 329، بتغیر قلیل۔

آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم:(1):توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اُس نے گُناہ کیا ہی نہیں۔[1](2):بندہ جب گُناہ کرتا ہے تو اس کے دِل پر ایک سیاہ نکتہ لگ جاتا ہے، پھر اگر وہ توبہ کرلے تو وہ نکتہ مٹا دیا جاتا ہے۔[2]

❁ سچی توبہ سے عمر بڑھتی اور رزق میں اِضافہ ہوتا ہے ❁ اِسْتِغْفار سے تنگی اور غم دُور ہوتے ہیں حدیثِ پاک میں ہے:جو ہمیشہ اِسْتِغْفار کرتا ہے، اللہ پاک اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ بناتا، ہر فکر و غم سے اسے نجات عطا فرماتا اور ایسی جگہ سے اسے رزق دیتا ہے جہاں سے اُس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔[3]

## توبہ نہ کرنے اور گُناہ پر اڑے رہنے کے نقصانات

❁ گُناہ پر اَڑنا شیطانی طریقہ ہے ❁ گُناہ پر اَڑنا ظلم ہے ❁ گُناہ پر اَڑنا جہنّم میں لے جانے والا کام ہے ❁ گُناہ پر اڑے رہنے سے نیکیوں کی توفیق نہیں ملتی نہ عِبادت میں لذّت نصیب ہوتی ہے ❁ گُناہ پر اَڑنا یعنی توبہ کی توفیق نہ ملنا بھی عذاب کی ایک صُورت ہے ❁ گُناہ پر اَڑنا اللہ پاک کی ناراضی کا سبب ہے۔ تفسیر صاوی میں ہے:جو توبہ نہ کرے، کفر اور گناہوں پر قائم رہے، وہ خوف اور مرض میں مبتلا رہے گا، اُسے اللہ پاک کی ناراضی کا سامنا بھی ہو گا اگرچہ دنیا کی لذّتیں اُس پر وسیع ہو جائیں، ایسی عیش اور دنیا کی لذّتوں میں کوئی بھلائی نہیں، جس کے بعد جہنّم ہو۔[4]

## گناہوں سے توبہ کرنے کا ذہن بنانے کے لیے

❁ توبہ کے فضائل و فوائد ذہن میں رکھیے ❁ گُناہ کرنے کی وعیدات و عذابات کا مُطالعہ کیجیے ❁ موت کو کثرت سے یاد کیجیے ❁ قیامت کے دِن ہونے والے حساب کو یاد کیجیے ! غور کیجیے ! اگر آج گناہوں سے توبہ نہ کی، قیامت کے ہوش رُبا منظر میں جب سورج آگ برسا رہا ہو گا، زمین تانبے کی ہو گی، ہر کسی کو اپنی اپنی پڑی ہو گی، ایسے عالَم میں اللہ پاک کی بارگاہ میں گُناہوں کا حِساب کیسے دے

1 …ابن ماجہ، کتاب الزہد، باب ذکر التوبۃ، صفحہ:689، حدیث:4250۔
2 …ابن ماجہ، کتاب الزہد، باب ذکر الذنوب، صفحہ:688، حدیث:4244۔
3 …ابو داود، کتاب الصلاۃ / الوتر، باب فی الاستغفار، صفحہ:247، حدیث:1518۔
4 …تفسیر صاوی، پارہ:11، سورۂ ھود، زیرِ آیت:3، الجزءالثالث، جلد:2، صفحہ:126۔

سکیں گے ❁ مایوسی چھوڑیئے اور اللہ پاک کی رحمت پر بھروسا رکھیے! بعض اَوقات شیطان اللہ پاک کی رَحْمت سے مایوس کر دیتا ہے، وسوسے دِلاتا ہے، اتنے گُناہ کیے یا اتنی بار توبہ کر چکا، اب توبہ قبول نہیں ہوگی، یاد رکھیے! اللہ پاک کی رَحْمت سے مایوسی حرام اور کبیرہ گُناہ ہے، اللہ پاک کی رَحْمت بہت وَسیع ہے، وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔ **حدیث پاک میں ہے:** تمہاری خطائیں آسمان تک پہنچ جائیں، پھر تم توبہ کرو، اللہ پاک تمہاری توبہ قبول فرمالے گا۔[1] ❁ دل میں خوفِ خدا بڑھایئے! یاد رہے! اللہ پاک کی رَحْمت کی وُسعت دیکھ کر بے باک اور جری نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی اللہ پاک کے عذاب کی شدّت دیکھ کر اس کی رَحْمت سے مایوس ہونا چاہیے! بلکہ اُمید اور خوف کے درمیان ہی رہنا چاہیے۔

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### جل جانے پر پڑھنے کی دُعا

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ ط اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیَ اِلَّا اَنْتَ

**ترجمہ:** اے تمام لوگوں کے رب! تکلیف دور فرما، شِفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں۔[2]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے

---

1 ... ابن ماجہ، کتاب الزہد، باب ذکر التوبۃ، صفحہ: 688، حدیث: 4248۔

2 ... سنن الکبری للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلۃ، باب ما یقول اذا نادہ جلد: 9، صفحہ: 81، حدیث: 9944۔

بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟(12):12منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟(13):اذان واقامت کا جواب دیا؟ (14):غصے کا علاج کیا؟(15):اپنا جائزہ کیا؟(16):اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17):آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا،یا پڑھایا؟(19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20):2گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟ (24):مسجد درس دیا یا سُنا؟(25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوّابین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ،غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْراف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟